فوری ریلیز کے لیے: 2023/23/2 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے ایسٹ پیلسٹائن میں زہریلے مواد کی حامل ٹرین کے پٹڑی سے اترنے کے واقعے کے بعد مال گاڑی کی صنعت، کانگریس اور وفاقی ضابطہ کاران پر زور دیا ہے کہ وہ مال گاڑیوں میں خطرناک مواد سے ہونے والی تباہی سے بچنے کے لیے اضافی اقدامات کریں

اقدامات میں شامل ہیں خطرناک امواد کے لیے محفوظ تر ٹینک کارز کو متعارف کروانے کے عمل میں تیزی لانا

ممکنہ ٹکراؤ کو روکنے کے لیے بریک کے ضابطوں اور نظاموں کو جدید ترین بنانا

ریل روڈز کو اس بات کا پابند بنانا کہ وہ ریاست کی ہنگامی امدادی کارروائیوں کی ٹیموں کو ریاستوں کے درمیان خطرے کی حامل گاڑیوں کی نقل و حرکت کے بارے میں پیشگی نوٹس دیں

مال گاڑیوں میں پیش آنے والے خطرناک واقعات کے لیے تربیت اور تیاری کے لیے منصوبہ بندی کی خاطر رسائی اور فنڈنگ میں اضافہ کرنا

گورنر Kathy Hochul نے آج ایسٹ پیلسٹائن، اوہائیو میں زہریلے مواد کی حامل ٹرین کے پٹڑی سے اترنے کے واقعے، جس نے رہائشیوں کی صحت اور سلامتی کو خطرے میں ڈال دیا تھا، مال گاڑی کی صنعت، کانگریس اور وفاقی ضابطہ کاران پر زور دیا ہے کہ وہ مال گاڑیوں میں موجود خطرناک مواد سے ہونے والی تباہی کی روک تھام کے لیے اضافی اقدامات کریں۔ گورنر کی جانب سے تشکیل کردہ جامع اقدامات کے ذریعے خطرناک مواد کی منتقلی کی صنعت کو محفوظ تر بنانے میں مدد ملے گی، جبکہ وفاقی نگرانی کے نظام میں بہتری کے ذریعے ریاستی سطح پر ہنگامی امدادی کارروائیاں کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا۔

"نیو یارک کے رہائشیوں کی صحت اور سلامتی بدستور میری انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ایسٹ پیلسٹائن، اوہائیو میں ٹرین کے پٹڑی سے اتر جانے کا واقعہ، تدارکی ضابطوں کی ضرورت اور ہنگامی امدادی کارروائیوں کے وسائل کی موزوں طور پر پیشگی تیاری کی ضرورت پر زور دیتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک بدستور مال گاڑیوں سے لاحق خطروں کے لیے تیاری اور امدادی کارروائیوں کے ضمن میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور میں مال گاڑی کی صنعت میں اپنے شراکت داروں، کانگریس اور وفاقی ضابطہ کاران سے یہ مطالبہ کرتی ہوں کہ خطرناک مواد کی نقل و حرکت کے طریقوں کو جدید ترین بنانے، نیز خطروں کے لیے تیاری کی منصوبہ بندی اور امدادی کارروائی کے لیے وسائل مستحکم کرنے کے ذریعے مستقبل میں کسی تباہی کے خطرے میں کمی لائی جائے۔"

گورنر Hochul نے بالخصوص، مال گاڑی کی صنعت، کانگریس اور وفاقی ضابطہ کاران سے مندرجہ ذیل اقدامات کرنے کے لیے کہا:

- خطرناک امواد کے لیے محفوظ تر ٹینک کارز (DOT 117's) کو کانگریس کی طے کردہ 2029 کی لازمی قرار دی گئی حتمی تاریخ تک بتدریج متعارف کروانے کے عمل میں تیزی لائی جائے۔

- بریک کے ضابطوں میں جدت لائی جائے اور برقی طور پر کنٹرول کردہ نیومیٹک بریکس (electronically controlled pneumatic، ECP) کے استعمال میں اضافہ کیا جائے تاکہ ٹرینوں کے پٹری سے اترنے کے ممکنہ واقعات سے بچاؤ ممکن ہو۔
- ریل روڈز کو پابند بنایا جائے کہ وہ ریاست کی ہنگامی امدادی کارروائیوں کی ٹیموں کو ان کی ریاست سے گزرنے والی خطرے کی حامل گاڑیوں کی نقل و حرکت کے بارے میں پیشگی نوٹس دیں۔
- ریاستی اور مقامی گرانٹس میں توسیع کی جائے، خاص کر آفت کے لیے تیاری اور امدادی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کے لیے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا کہ، "نیو یارک کے باشندگان کو آگاہ ہونا چاہیئے کہ گورنر Hochul کی قیادت کے ذریعے ریاست کہیں بھی رونما ہونے والی ہنگامی صورتحال میں امدادی کارروائیاں کرنے کے لیے تیار ہے۔ گورنر کی جانب سے آج جن اقدامات کو تشکیل دیا گیا ہے، وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وفاقی حکومت ٹرین کے تحفظ میں بہتری کو ترجیح دے رہی ہے اور جو کہ ہمارے رہائشیوں کا زیادہ بہتر طور پر تحفظ کریں گے اور یہ یقینی بنائیں گے کہ قوم کے پاس بذریعہ ٹرین نقل و حرکت کی کڑی نگرانی کا نظام موجود ہے۔ ہم قومی قیادت کرنے والی اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لے رہے ہیں اور انہیں بہتر بنا رہے ہیں اور ایسے میں DEC (محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ) اپنے وفاقی، ریاستی اور مقامی شراکت داروں کے ہمراہ کام کرنے کا خواہاں ہے۔"

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا کہ، "نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے اور ریاست کے پاس اعلیٰ تربیت یافتہ عملہ موجود ہے جو خطروں اور آفات میں امدادی کارروائیاں کرنے کا تجربہ رکھتا ہے اور جو اس قسم کی صورتحال کے لیے باقاعدگی کے ساتھ منصوبہ بندی کرتا ہے۔ DHSES اور ہمارے ایجنسی کے شراکت دار اگرچہ امدادی کارروائیوں کے لیے پوری طرح لیس ہیں، تاہم وفاقی حکام اور نقل و حرکت کی صنعت کو اضافی اقدامات اٹھانے چاہیئں تاکہ تیاریوں کو تقویت دی جا سکے اور کمیونٹیز کو ٹرین سے لاحق خطرناک واقعات کا مزید سامنا ہونے سے بچایا جا سکے۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ نقل و حرکت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا کہ، "گورنر Kathy Hochul کی قیادت میں ریاست نیو یارک نقل و حرکت کے تمام ذرائع میں سلامتی پر پوری توجہ مرکوز کر رہا ہے، خاص کر ٹرین سلامتی کے ضمن میں، اور NYSDOT ہمارے وفاقی، ریاستی اور صنعتی شراکت داروں کے ہمراہ متحرک طور پر کام کر رہا ہے تاکہ مال گاڑیوں کے ساز و سامان اور ملک بھر اور یہاں نیو یارک میں ان کے آپریشنز کے لیے حفاظتی اقدامات میں مزید اضافہ کیا جا سکے۔ سلامتی ہر ایک کی ذمہ داری ہے اور صرف ایک جامع، تعاون پر مبنی کوشش کے ذریعے سے ہی ہم ایک اور خطرناک حادثے سے بچ سکتے اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔"

مال گاڑیوں کو لاحق خطروں کے خلاف تیاری اور امدادی کارروائیوں میں ریاست نیو یارک بدستور قومی قیادت کر رہی ہے۔ 2013 میں ہونے والے لیک-میگینٹک کریش کے بعد ریاستِ نیو یارک نے ایک جامع امدادی کارروائی کی منصوبہ بندی، نیز پیشگی تیاری کی صورت میں امدادی کارروائی کی شکل میں پیش رفتوں کا آغاز کیا جس میں بالخصوص کروڈ آئل پر توجہ دی گئی تھی، تاکہ مال گاڑیوں کو درپیش خطرناک حادثات کے لیے تیار رہا جا سکے۔ ایک کثیرالایجنسی کوشش کے ذریعے، جہاں محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ قیادت کر رہا تھا، ریاست نیو یارک نے ایک زمینی امدادی کارروائی کا منصوبہ (Geographic Response Plans, GRP) تشکیل دیا جو کسی ہنگامی صورتحال میں مقامی، کاؤنٹی، ریاستی، وفاقی اور صنعتی امدادی کارروائیوں کی رہنمائی کرتا ہے، اور یہ باقی پوری قوم کے لیے ایک نمونے کے طور پر کام کرتا ہے۔ جہاں نیو یارک مال گاڑیوں کو لاحق خطروں سے نمٹنے کے ضمن میں قومی قیادت جاری رکھے ہوئے ہے، وہاں وفاقی حکومت اور ٹرینوں کی صنعت یہ اضافی اقدامات اٹھا کر اوہائیو جیسے حادثات کی روک تھام کر سکتی ہے اور یہ یقینی بنا سکتی ہے کہ ہماری امدادی کارروائیوں کی صلاحیتیں مستحکم ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں